سوال

کیا میرے لیے راستے میں اپنی بیوی کا ہاتھ پکڑنا جائز ہے ؟ بیوی سے محبت ظاہر کرنے کے لیے اس کا ہاتھ چومنے میں کیا ہے (اگرچہ اس نے نقاب کیا ہوا اور دستانے بھی پہنے ہوئے ہوں) ؟ میرے خیال میں عرب ممالک میں ایسا کوئی نہیں کرتا ، میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ آیا یہ ایک عادت اور عرف ہے یا کہ تقلید یا اس پر کوئی صحیح دلیل ملتی ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے ، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

یہ خلاف مروءۃ اور وقار کے خلاف ہے اور لوگوں کے سامنے گرے ہوئے کام اور بے شرمی کا اظہار ہے ، اس لیے کہ آپ جو کچھ کر رہے ہیں وہ بیوی سے مباشرت کی ایک قسم ہے جو سب سے سامنے کر رہے ہیں ، آپ اس سے اجتناب کریں ۔

اس طریقہ کے علاوہ بھی اس سے محبت کا اظہار کیا جا سکتا ہے ، اور جب آپ دونوں خلوت میں ہوں تو پھر احسن انداز میں جو چاہے کرتے پھرو ۔

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو نیکی و بھلائی کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔

واللہ اعلم .

الشیخ محمد صالح المنجد

6103